# FIRST TENDER NOTICES AND CORRIGENDUM

# ٹینڈر نوٹس برائے تعلیمی خدمات

پاکستان بیت المال کے ریجنل آفس لاہور کے زیرانتظام "پاکستان بیت المال سویٹ ہوم" ضلع جھنگ کے سو(100) بچوں کی تعلیم برائے سال 2027-2026 کیلئے محکمہ تعلیم ضلع جھنگ کے رجسٹرڈ مقامی سکولوں (ہائی سکول/ ہائیر سیکنڈری سکول) سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست دہندہ سکول اپنی تعلیمی خدمات کی پیشکش بمعہ ریٹ، جس کی تفصیل آن لائن ٹینڈر فارم جوکہ( www.eprocure.gov.pk ) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے، میں موجود ہے۔ خواہش مند بولی دہندگان اپنی "تکنیکی تجویز" اور "مالیاتی تجویز" بذریعہ EPAD- System (www.eprocure.gov.pk) مورخہ 18-05-2026 بوقت 10:30 بجے دن تک آن لائن جمع کرواسکتے ہیں، جوکہ اسی دن 11:00 بجے کھولی جائیں گی، Hard Copy قابل قبول نہ ہوگی۔ ٹینڈر فارم جوکہ تفصیلی شرائط وضوابط، طریقہ کار، ٹینڈر فارم لینے، جمع کرانے اور کھولنے کی حتمی تاریخ اور دوسری ضروری ہدایات پر مشتمل ہے مندرجہ بالا ویب سائیٹ پر موجود ہے۔ سالانہ فیس کا 5% بمطابق "مالیاتی تجویز" بطور کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر پاکستان بیت المال ریجنل آفس لاہور آن لائن "مالیاتی تجویز" کے ساتھ ساتھ Original کال ڈیپازٹ پاکستان بیت المال ریجنل آفس لاہور مندرجہ بالا تاریخ تک پہنچ جانا ضروری ہے۔ کامیاب بولی دہندہ سکول کے ساتھ ابتدائی طور پر ایک سال کا معاہدہ کیا جائے گا۔ جس کی توسیع سکول کی اطمینان بخش کارکردگی اور دونوں اطراف کی باہمی رضامندی سے ہوگی۔ ادارہ وصول شدہ درخواستوں کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔ یہ اشتہار PPRA اور پاکستان بیت المال کی ویب سائیٹ www.ppra.org.pk اور www.pbm.gov.pk پر بھی موجود ہے۔

**ڈائریکٹر**

پاکستان بیت المال ریجنل آفس لاہور

PID(L) 3003/25

مکان نمبر: 153 شاہ جمال کالونی، اچھرہ، لاہور۔ فون نمبر: 042-99333875

# تصحیح اشتہار

پاکستان بیت المال کی جانب سے بتاریخ 02.05.2026 کو روزنامہ ایکسپریس، روزنامہ جہان پاکستان اور انگریزی اخبار THE NEWS میں چھپنے والے اشتہار نمبر PID(L) 3003/25 بعنوان ٹینڈر نوٹس برائے تعلیمی خدمات میں مندرجہ ذیل تبدیلی نوٹ فرمالیں۔

بطور کال ڈیپازٹ سالانہ فیس کا 5% بمطابق "مالیاتی تجویز" کی جگہ -/400,000 کردی گئی ہے۔

آن لائن بولی جمع کروانے کی آخری تاریخ 18.05.2026 سے بڑھا کر **21.05.2026** کردی گئی ہے۔

دیگر شرائط وضوابط بغیر کسی تبدیلی کے برقرار رہیں گی۔

یہ تصحیح نامہ اصل ٹینڈر نوٹس کا حصہ تصور کیا جائے گا۔

**PID(L) 3044/25**

**ڈائریکٹر**


پاکستان بیت المال ریجنل آفس لاہور

مکان نمبر۔153 شاہ جمال کالونی، اچھرہ، لاہور

فون نمبر: **042-99933875، 0333-4239484**


8x2